[ AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

***Bill***

to amend the Pakistan Airports Authority Act, 2023

Whereas it is expedient to amend the Pakistan Airports Authority Act, 2023 (XLV of 2023) for the purpose hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:

1. **Short title and commencement.–** (1) This Act shall be called the Pakistan Airports Authority (Amendment) Bill, 2026.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment in long title, Act XLV of 2023.–** In the Pakistan Airports Authority Act, 2023 (XLV of 2023), hereinafter referred to as the said Act, in the long title, for the word "achnimistration", the word "administration" shall be substituted.

3. **Amendment in section 2, Act XLV of 2023.–** In the said Act, in section 2:

(1) in clause (r), for the words "Aviation Division" the words "Division concerned to which business of this Act is allocated" shall be substituted; and

(2) in clause (z), for the words "Aviation Division" the words "Division concerned to which business of this Act is allocated" shall be substituted.

4. **Amendment in section 6, Act XLV of 2023.–** In the said Act, in section 6:

(1) in sub-section (1):

(a) after clause (c), the following clause (ca) shall be inserted:

"(ca) An officer of the Division concerned to which business of this Act is allocated not below the rank of Joint Secretary nominated by the Secretary;"

(b) in clause (d), for the word "hint", the word "him" shall be substituted;

(2) in sub-section (6), for the expression "sub-section (4)", the expression "sub-section (5)" shall be substituted; and

(3) in sub-section (7):

(a) for the expression "sub-section (4)", the expression "sub-section (5)" shall be substituted; and

(b) for the expression "sub-section (5)", the expression "sub-section (6)" shall be substituted.

5. **Amendment in section 7, Act XLV of 2023.–** In the said Act, in section 7, after sub-section (4), the following sub-section (4A) shall be inserted:

"(4A) In case of urgency and notwithstanding anything contained in this section, the Chairperson may allow transaction of any business of the Board through circulation among

Malik Rizwan Akbar SO(Dev) (O/B SO (CAA)) Thursday, 19 February, 2026, 3:51 PM

the members and, if approved by the two-third majority of the members, it shall be deemed to have been approved by the Board."

6. **Amendment in section 9, Act XLV of 2023.–** In the said Act, in section 9, in sub-section (1), for clauses (b) and (c), the following shall be substituted:

"(b) four most senior officers of the Authority including Director Finance;

(c) a representative of the Division concerned to which business of this Act is allocated nominated by the Secretary; and".

7. **Amendment in section 10, Act XLV of 2023.–** In the said Act, in section 10:

(1) for sub-section (1), the following shall be substituted:

"(1) The Prime Minister may, in the prescribed manner, appoint an officer in the service of Pakistan or service of the Authority, or a private sector expert as the Director General."

(2) after sub-section (1), the following sub-sections (1a) and (1b) shall be inserted:

"(1a) Subject to sub-section (1), a person shall not be appointed as the Director General unless he fulfils the minimum qualification and experience prescribed in the rules.

(1b) The term of office of the Director General shall be three years and the Prime Minister may extend the term for a period not exceeding two years."

8. **Amendment in section 15, Act XLV of 2023.–** In the said Act, in section 15, in sub-section (3):

(1) in clause (f), the expression "on its behalf in terms of section 23" shall be omitted; and

(2) clause (g) shall be omitted.

9. **Insertion of section 17A, Act XLV of 2023.–** In the said Act, after section 17, the following section 17A shall be inserted:

"**17A.Conflict of interest regarding officers.**-- (1) For so long as he holds office and for a period of two years thereafter, the Director General and every officer of the Authority shall not —

(a) own, or be a shareholder, director, partner or an employee of any aviation undertaking, business or contractor of the Authority;

(b) have any direct or indirect pecuniary or other benefit, share or interest in or be engaged in an aviation undertaking, business or contractor of the Authority; and

(c) receive any direct or indirect pecuniary or other benefit, share or interest in the manufacture or distribution of expensive equipment being or is likely to be procured by the Authority.

(2) In case an officer has served less than three years, after service prohibition under sub-section (1) shall be for one year only.

Malik Rizwan Akbar SO-(Dev) (O/B SO (CAA)) Thursday, 19 February, 2026 3:9:51PM
Malik Rizwan Akbar SO-(Dev) (O/B SO (CAA)) Thursday, 19 February, 2026 3:9:51PM

(3) Whenever it comes to the notice of the Director General or any other officer that in relation to any matter being decided by the Authority, he has professionally acted on behalf of any person having any share or interest in that matter, or any of his immediate relatives, or his employer or employee would receive or have a reasonable expectation of receiving, a direct or indirect pecuniary or other benefit, share or interest or would suffer or have a reasonable expectation of suffering, a direct or indirect pecuniary or some other detriment, he shall, in case of the Director General, immediately inform the Secretary or, in case of any other officer, the Director General and abstain from taking part in the decision.

(4) If a former Director General or other officer of the Authority wants relaxation of any of the prohibition contained in sub-section (1) or sub-section (2), he may, by swearing an affidavit of absence of conflict of interest, apply to the Secretary for such relaxation.

(5) If no conflict of interest is found after scrutiny of the last two years' service in the Authority by the applicant, the Secretary may grant the relaxation under sub-section (4)."

**10. Amendment in section 18, Act XLV of 2023.**– In the said Act, in section 18, in sub-section (2), for the words "asset or properly", the words "asset or property" shall be substituted.

**11. Amendment in section 19, Act XLV of 2023.**– In the said Act, in section 19, in sub-section (3), for the comma at the end, a full-stop shall be substituted.

**12. Amendment in section 21, Act XLV of 2023.**– In the said Act, in section 21, in the marginal heading, for the word "laud", the word "land" shall be substituted.

**13. Amendment in section 34, Act XLV of 2023.**– In the said Act, in section 34, in sub-section (2), for the words "Directo General", the words "Director General" shall be substituted.

**14. Amendment in section 40, Act XLV of 2023.**– In the said Act, in section 40, in sub-section (1), for the word "month", the word "months" shall be substituted.

**15. Amendment in section 68, Act XLV of 2023.**– In the said Act, in section 68, for the words "by notification in the official Gazette", the expression "by publication on the website of the Authority," shall be substituted.

Malik Rizwan Akbar
SO-(Dev)
(O/B SO-(CAA))
Thursday, 19 February, 2026, 3:9:51 PM

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Aviation Division has merged in Defence Division in February 2025 while the Aviation Division/ Ministry is still reflected in the Pakistan Airports Authority Act 2023 (XLV of 2023). The Secretary Defence is the chairperson of the Pakistan Airports Authority's Board. In order to ensure continuity, it is appropriate to add another high-ranking officer of the Defence Division in the Board. There may be a case of emergency and meeting of the Board may not be feasible on a very short notice. A provision for decision of the Board through circulation with higher bar of majority is required to meet unforeseen circumstances/ emergencies. Executive Committee of the Pakistan Airports Authority (PAA) is an internal decision-making forum of PAA. Finance Division has objected to its representation in the Executive Committee. It is proposed to be replaced rep of Finance Division with a rep of Defence Division and inclusion of Director Finance of PAA in the Executive Committee. The existing provision regarding appointment of the Director General of PAA (DG) is restrictive which does not allow appointment of DG from the private sector. Only a public servant in the service of Pakistan and an officer of PAA are eligible for the post. It is proposed to expand the choice to allow appointment of DG from private sector as well. The qualification and experience required for eligible candidates for this post will be mentioned in detailed in the rules. There are certain restrictions on PAA's Board regarding delegation of powers but some day-to-days functions have also been included in that list, making it non-flexible and may harm the interests of PAA. Those restrictive clauses are proposed to be removed. PAA awards billions of contracts. It also allocates slots to airlines and perform other important commercial functions. There is no robust conflict of interest provision for in-service officers and cooling off period after service for the officers/ decisionmakers of PAA. A robust provision is added to plug this gap. Airport Orders are administrative nature orders which are passed frequently by the DG. Condition of Gazette notification of these orders causes inordinate delays in implementation of these order. Further, many patent error have also been identified in the Act which require correction. Hence, this Bill.

**(Khawaja Muhammad Asif)**
**Minister for Defence**

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

# پاکستان ائیر پورٹس اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۳ء
# میں مزید ترمیم کرنے کا بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ پاکستان ائیر پورٹس اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۳ء (نمبر ۵۴ بابت ۲۰۲۳ء) میں بعد ازاں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

**۱۔ مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) اس ایکٹ کو پاکستان ائیر پورٹس اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم کیا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

**۲۔ ایکٹ نمبر ۵۴ بابت ۲۰۲۳ء کے، طویل عنوان میں ترمیم:۔** پاکستان ائیر پورٹس اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۳ء (نمبر ۵۴ بابت ۲۰۲۳ء)، جس کا بعد ازاں بطور مذکورہ ایکٹ حوالہ دیا جائے گا، کے طویل عنوان میں، لفظ ''Achnimistration''، کو لفظ ''Administration'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

**۳۔ ایکٹ نمبر ۵۴ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۲ میں ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۲ میں:

(۱) شق (ث) میں، الفاظ ''ہوابازی ڈویژن'' کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن جس کو اس ایکٹ کے امور مختص کیے گئے'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے؛ اور

(۲) شق (ض) میں، الفاظ ''ہوابازی ڈویژن'' کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن جس کو اس ایکٹ کے امور مختص کیے گئے'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے۔

**۴۔ ایکٹ نمبر ۵۴ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۶ میں ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۶ میں:

(۱) ذیلی دفعہ (۱) میں:

(الف) شق (ج) کے بعد، حسب ذیل شق (ج الف) شامل کر دی جائے گی:

’’(ج الف) سیکرٹری کی جانب سے نامزد کردہ اس ڈویژن کا کوئی افسر جس کو اس ایکٹ کے امور مختص کیے گئے وہ جوائنٹ سیکرٹری سے کم عہدے کا نہ ہو؛‘‘

(ب) شق (د) میں، لفظ ’’hint‘‘، کو لفظ ’’him‘‘ سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(۲) ذیلی دفعہ (٦) میں، عبارت ’’ذیلی دفعہ (۴)‘‘، کو عبارت ’’ذیلی دفعہ (۵) سے تبدیل کر دی جائے گی؛ اور

(۳) ذیلی دفعہ (۷) میں:

(الف) عبارت ’’ذیلی دفعہ (۴)‘‘، کو عبارت ’’ذیلی دفعہ (۵)‘‘ سے تبدیل کر دی جائے گی؛ اور

(ب) عبارت ’’ذیلی دفعہ ۵‘‘، کو عبارت ’’ذیلی دفعہ (٦) سے تبدیل کر دی جائے گی۔

**۵۔ ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۷ میں ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۷ میں، ذیلی دفعہ (۴) کے بعد، حسب ذیل ذیلی دفعہ (۴ الف) شامل کر دی جائے گی:

’’(۴ الف) ہنگامی صورت حال میں اور اس دفعہ میں شامل کسی امر کے باوجود، چیئرپرسن بورڈ کے کسی بھی امور کی انجام دہی کی منظوری اراکین کے مابین گشتی مراسلت کے ذریعے دے سکے گا اور، اگر اراکین کی جانب سے دو تہائی اکثریت سے اس کو منظور کر لیا جائے تو، یہ متصور کیا جائے گا کہ اس کو بورڈ کی جانب سے منظور کیا گیا۔‘‘

**٦۔ ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۹ میں ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۹ کی، ذیلی دفعہ (۱) میں، شقات (ب) اور (ج) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا:

’’(ب) اتھارٹی کے سنیئر ترین چار افسران، بشمول ڈائریکٹر مالیات؛

(ج) سیکرٹری کی جانب سے نامزد کردہ متعلقہ ڈویژن کا ایک نمائندہ جس کو اس ایکٹ کے امور مختص کیے گئے؛ اور‘‘۔

**۷۔ ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۱۰ میں ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۱۰ میں:

(۱) ذیلی دفعہ (۱) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا:

’’(۱) وزیراعظم، مقررہ طریقہ کار کے مطابق، پاکستان کی ملازمت میں یا اتھارٹی کی ملازمت میں کسی افسر کو، یا نجی شعبے کے کسی ماہر کو بطور ڈائریکٹر جنرل مقرر کر سکے گا۔‘‘

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے بعد، حسب ذیل ذیلی دفعات (۱ الف) اور (۱ب) شامل کردی جائیں گی:

"(۱الف) ذیلی دفعہ (۱) کے مطابق، کسی شخص کی بطور ڈائریکٹر جنرل تقرری نہیں کی جائے گی تاوقتیکہ وہ قواعد میں بیان کردہ تعلیمی قابلیت اور تجربہ پر پورا نہ اُترتا ہو۔

(۱ب) ڈائریکٹر جنرل کے عہدے کی مدت تین سال ہوگی اور وزیر اعظم مزید دو سال تک اس مدت میں توسیع دے سکے گا۔"

**۸۔ ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۱۵ میں ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۱۵ کی، ذیلی دفعہ (۳) میں:

(۱) شق (و) میں، عبارت "دفعہ ۲۳ کی رو سے اس کے حوالے سے" حذف کردی جائے گی؛ اور

(۲) شق (ز) حذف کردی جائے گی۔

**۹۔ ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۱۷ الف کی شمولیت:۔** مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۱۷ میں، حسب ذیل دفعہ ۱۷ الف شامل کردی جائے گی:

"۱۷ الف۔ **افسران کے مفادات سے تصادم کا پہلو:۔** (۱) جب تک ڈائریکٹر جنرل یا اتھارٹی کا کوئی افسر اپنے عہدے پر فائز رہے اور عہدے سے سبکدوش ہونے کے بعد دو سال کی مدت تک۔۔۔

(الف) اتھارٹی کا کاروبار یا اس کا ٹھیکدار نہیں بنے گا یا کسی بھی ہوابازی ادارے کا مالک، یا حصہ دار، ڈائریکٹر، شراکت دار یا اس کی ملازمت نہیں کرے گا؛

(ب) کسی بھی ہوابازادارے، کاروبار یا اتھارٹی کے ٹھیکدار سے بلاواسطہ یا بلواسطہ کوئی مالی یا دیگر فائدہ، حصہ یا مفاد نہیں لے گا اور نہ ہی اس سے وابستہ ہوگا؛ اور

(ج) ایسے مہنگے آلات کی تیاری یا تقسیم میں، جو اتھارٹی کی جانب سے خریدے گئے ہوں یا خریدے جانے کا امکان ہو، بلاواسطہ یا بلواسطہ مالی یا دیگر مفاد، حصہ یا فائدہ نہیں لے گا۔

(۲) اگر کسی افسر نے تین سال سے کم ملازمت کی ہو تو عہدے سے سبکدوش ہونے کے بعد یہ پابندی صرف ایک سال کے لیے ہوگی۔

(۳) جب بھی یہ بات ڈائریکٹر جنرل یا کسی اور افسر کے علم میں آئے کہ اتھارٹی کے زیر فیصلہ کسی معاملے کے سلسلے میں، اس نے پیشہ وارانہ طور پر کسی ایسے شخص کی طرف سے کام کیا ہے جس کا اس معاملے میں کوئی حصہ یا مفاد ہو یا اس کے قریبی رشتہ دار یا اس کا آجر یا ملازم کسی براہ راست یا بلواسطہ مالی یا کسی اور فائدے، حصہ یا مفاد کے حصول کا حق رکھتا ہو یا معقول توقع رکھتا ہو یا براہ راست یا بلواسطہ مالی یا کسی اور نقصان کے برداشت کرنے کا حق رکھتا ہو یا معقول توقع رکھتا ہو تو وہ اگر معاملہ ڈائریکٹر جنرل کا ہو تو فوراً سیکرٹری کو مطلع کرے گا اور اگر کسی دوسرے افسر کا ہو تو ڈائریکٹر جنرل کو مطلع کرے گا اور فیصلے میں حصہ لینے سے اجتناب کرے گا۔

(۴) اگر کوئی سابق ڈائریکٹر جنرل یا اتھارٹی کا کوئی دیگر افسر اور افسر ذیلی دفعہ (۱) یا ذیلی دفعہ (۲) میں درج کسی پابندی میں نرمی چاہے تو وہ مفادات کے ٹکراؤ کی عدم موجودگی کا حلف نامہ دے کر سیکرٹری سے ایسی نرمی کی درخواست کر سکتا ہے۔

(۵) اگر درخواست گزار اتھارٹی میں گزشتہ دو سالہ ملازمت کی جانچ پڑتال کے بعد مفادات کے ٹکراؤ کا کوئی معاملہ سامنے نہ آئے تو سیکرٹری ذیلی دفعہ (۴) کے تحت نرمی منظور کر سکتا ہے۔"

**۱۰۔ ایکٹ ۵۴ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۱۸ کی ترمیم:۔** مذکورا ایکٹ میں، دفعہ ۱۸ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ "asset or properly" الفاظ "asset or property" سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

**۱۱۔ ایکٹ ۵۴ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۱۹ کی ترمیم:۔** مذکورا ایکٹ میں، دفعہ ۱۹ میں، ذیلی دفعہ (۳) میں، آخر میں سکتہ، خاتمہ سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

**۱۲۔ ایکٹ ۵۴ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۲۱ کی ترمیم:۔** مذکورا ایکٹ میں، دفعہ ۲۱ میں، عبارت حاشیہ میں لفظ "laud" لفظ "land" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

**۱۳۔ ایکٹ ۵۴ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۳۴ کی ترمیم:۔** مذکورا ایکٹ میں، دفعہ ۳۴ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ "Directo General" الفاظ "Director General" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۴۔ ایکٹ ۵۴ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۴۰ کی ترمیم:۔ مذکورا ایکٹ میں، دفعہ ۴۰ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، لفظ ''month''، لفظ ''months'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۵۔ ایکٹ ۵۴ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ٦٨ کی ترمیم:۔ مذکورا ایکٹ میں دفعہ ٦٨ میں الفاظ ''سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے''، عبارت ''اتھارٹی کی ویب سائیٹ میں اشاعت کے ذریعے'' سے تبدیل کیے جائیں گے۔

## بیان اغراض ووجوہ

فروری ۲۰۲۵ء میں ایوی ایشن ڈویژن دفاع ڈویژن میں ضم ہو چکا ہے جب کہ ایوی ایشن ڈویژن روزارت اب بھی پاکستان ائیر پورٹس اتھارٹی ایکٹ ۲۰۲۳ء (نمبر ۵۴ بابت ۲۰۲۳ء) میں ظاہر ہوتا ہے۔ سیکرٹری دفاع پاکستان ائیر پورٹس اتھارٹی بورڈ کا چیئر پرسن ہے، تسلسل کو یقینی بنانے کے لیے بورڈ میں دفاع ڈویژن کے ایک اور اعلیٰ درجے کے افسر کو شامل کرنا مناسب ہے جہاں ہنگامی صورت حال کا سامنا ہو سکتا ہے اور بورڈ کا اجلاس بہت مختصر نوٹس پر ممکن نہیں ہو سکتا اس لیے غیر متوقع حالات / ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لیے زیادہ اکثریت کی شرط کے ساتھ سرکولیشن کے ذریعے بورڈ کے فیصلے کی شق شامل کرنا ضروری ہے۔ پاکستان ائیر پورٹس اتھارٹی (پی اے اے) کی ایگزیکٹو کمیٹی اس کا اندرونی فیصلہ ساز فورم ہے۔ وزارت خزانہ نے ایگزیکٹو کمیٹی میں اپنی نمائندگی پر اعتراض کیا ہے۔ یہ تجویز ہے کہ وزارت خزانہ کے نمائندے کی جگہ وزارت دفاع کے نمائندے کو تبدیل کیا جائے اور پی اے اے کے ڈائریکٹر مالیات کو ایگزیکٹو میں شامل کیا جائے۔ پی اے اے کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) کی تقرری سے متعلق موجودہ شق اس کی ممانعت کرتی ہے جو نجی شعبے سے ڈی جی کی تقرری کی اجازت نہیں دیتی اس عہدے کے لیے صرف پاکستان کی سرکاری ملازمت میں موجود افسر یا پی اے اے کا افسر اہل ہے۔ تجویز ہے کہ دائرہ کار بڑھا کر نجی شعبے سے بھی ڈی جی کی تقرری کی اجازت دی جائے اور اہل امیدواروں کی اہلیت اور تجربے کی تفصیلات قواعد میں بیان کی جائیں۔ پی اے اے کے بورڈ کے اختیارات کی تفویض سے متعلق کچھ پابندیاں موجود ہیں جب کہ بعض روزمرہ کے امور بھی اس فہرست میں شامل ہیں جسے لچک ختم ہو جاتی ہے اور پی اے اے کے مفادات متاثر ہوتے ہیں ان ممنوعہ شقات کو ختم کرنے کی بھی تجویز ہے۔ پی اے اے اربوں روپے کے ٹھیکے دیتی ہے، ائیر لائنز کو سلاٹس الاٹ کرتی ہے اور دیگر اہم تجارتی امور سرانجام دیتی ہے۔ حاضر سروس افسران اور پی اے اے کے افسران / فیصلہ سازوں کے لیے مفادات کے ٹکراؤ اور ملازمت کے بعد کولنگ آف پریڈ سے متعلق مضبوط شق موجود نہیں ہے اس خلا کو پُر کرنے کے لیے جامع شق شامل کی جا رہی ہے۔

ائیر پورٹس کے آڈرز انتظامی نوعیت کے ہوتے ہیں جو ڈی جی کی جانب سے اکثر جاری کیے جاتے ہیں ان احکامات کی جریدے میں اشاعت کی شرط ان کے نفاذ میں غیر ضروری تاخیر کا باعث بنتی ہے ۔ مزید برآں ایکٹ میں کئی واضح غلطیوں کی نشاندہی بھی ہوتی ہے جن کی تصحیح ضروری ہے۔

لہٰذا، یہ بل پیش کیا جاتا ہے

(خواجہ محمد آصف)

وزیر دفاع